QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 106 کیسکو چیف نے آن لائن کچہری میں ٹیلیفون پر صارفین کی شکایات معلوم کیں

کوئٹہ 27 اکتوبر 2025ء۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے زیر اہتمام صارفین کی شکایات کے بروقت ازالہ کیلئے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان کی زیر نگرانی آن لائن کچہری کا انعقاد کیا گیا۔جس میں کیسکو کے چیف انجینئر (کسٹمر سروسز) مرزا اعزاز بیگ، فنانس ڈائریکٹر محسن احسان سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔آن لائن کچہری میں کوئٹہ شہر سمیت صوبہ کے تمام آپریشن سرکلز کے مختلف علاقوں کے صارفین نے ٹیلیفون پر رابطہ کر کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو کو اپنے متعلقہ علاقوں کی بجلی سے متعلق مسائل اور شکایات سے آگاہ کیا۔جس کے ازالے کیلئے انھوں نے موقع پر ہی متعلقہ حکام کو احکامات جاری کئے۔اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان نے آن لائن کچہری میں صارفین سے ٹیلیفون پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کیسکو کے زیر انتظام تمام علاقوں کے صارفین کی شکایات کا بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے جس کیلئے کیسکو تمام آپریشن سرکلز میں آن لائن کچہری کا انعقاد کر رہی ہے اور اس کا سب سے زیادہ فائدہ صارف کو ہی حاصل ہوتا ہے کیونکہ اس اقدام سے صارف کا مسئلہ کم سے کم وقت میں حل کیا جاتا ہے۔اسکے علاوہ انہوں نے فون پر رابطہ کرنے والے تمام صارفین سے گزارش کی کہ وہ اپنے ذمہ بجلی کے بل بروقت جمع کرائیں اور بجلی کے غیر قانونی استعمال کرنے والے بجلی چوروں کی نشاندہی کرنے میں بھی کیسکو سے تعاون کریں تاکہ اُنکے بجلی کی فراہمی کے اوقات کار کو بڑھایا جا سکے۔

# # #

نمبر: کیسکو پی آر 107 بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ 27 اکتوبر 2025ء۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ پروجیکٹ کے تحت روڈ کی توسیع کیلئے بجلی لائنوں کی شفٹنگ اور کھمبوں کی تنصیب کئے جا رہے ہیں اس سلسلے میں 28 اکتوبر کو شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے ویسٹرن بائی پاس، جبل نور، داریم، دوستین، خروٹ آباد فیڈرز جبکہ سریاب گرڈ اسٹیشن کے نیو جان محمد، اولڈ جان محمد، اولڈ لیاقت بازار فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک نیز اسی روز کوئٹہ سٹی گرڈ کے نواں کلی، مالک، عالم خان فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند رہے گی۔اسی طرح 29 اکتوبر کو کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے ملک پلانٹ، شہباز ٹاون فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک جبکہ زرغون گرڈ اسٹیشن کے صاحبزادہ، نواں کلی بائی پاس فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی گئی ہے۔